## کراچی میں امن وامان کی صورتحال کی بہتری میں سب کی بھلائی ہے، الطاف حسین
## شہر کی ترقی وخوشحالی اور کراچی میں بسنے والے پختونوں کی فلاح وبہبود کیلئے اپنا ہر ممکن کردار ادا کریں گے، پختون رہنماء
## شاہ پرویز خان، فرید طوفان اور جنت گل سے الطاف حسین کی ٹیلی فون پر گفتگو

لندن۔۔۔24مئی 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ کراچی میں امن وامان کی صورتحال اور ترقی میں کراچی میں بسنے والی تمام قومیتوں کی بھلائی ہے۔ یہ بات انہوں نے جمعرات کے روز عوامی نیشنل پارٹی کے سینئر نظریاتی رہنماؤں شاہ پرویز خان، فرید طوفان اور کراچی میں پختونوں کے سینئر رہنماء حاجی جنت گل سے ٹیلی فون پر گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ کراچی میں پختون مہاجر فسادات کی سازش کو ناکام بنانا ہر دردمند شہری کا فرض ہے لہٰذا کراچی میں قیام امن کیلئے اے این پی کے سینئر کارکنان کو باچا خان اور ولی خان کے پیغام امن ومحبت کی روشنی میں آگے آنا چاہئے اور کراچی میں امن وامان کی صورتحال بہتر بنانے، شہر کی ترقی، بھائی چارے کی فضاء کے فروغ اور کراچی میں بسنے والے پختونوں کی فلاح و بہبود کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کرنا چاہئے اسی میں سب کی بھلائی ہے۔ اس موقع پر اے این پی کے سینئر نظریاتی رہنماؤں نے پختونوں اور مہاجروں کے درمیان بھائی چارے کی فضاء کے قیام کیلئے، شہر کی ترقی وخوشحالی اور کراچی میں بسنے والے پختونوں کی فلاح و بہبود کیلئے اپنا ہر ممکن کردار ادا کرنے کا یقین دلایا۔

## تمام تر سازشوں کے باوجود ہمارے حوصلے بلند ہیں، الطاف حسین
## حیدرآباد، میر پور خاص، سکھر، سانگھڑ، نواب شاہ، شکار پور اور ٹنڈو الہیار زون کے ذمہ داران سے ٹیلی فون پر گفتگو

لندن۔۔۔24مئی 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ ایم کیو ایم کے خلاف تمام تر سازشوں کے باوجود ہمارے حوصلے بلند ہیں اور ظلم وستم کا کوئی بھی ہتھکنڈہ ہمیں حق پرستی کی جدوجہد سے باز نہیں رکھ سکتا۔ یہ بات انہوں نے بدھ کے روز ایم کیو ایم حیدرآباد، میر پور خاص، سکھر، سانگھڑ، نواب شاہ، شکار پور اور ٹنڈو الہیار زونوں میں ایم کیو ایم کے ذمہ داران سے ٹیلی فون پر گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ اے پی ایم ایس او اور ایم کیو ایم کے قیام کے بعد سے ہی اس کے خلاف سازشوں کا سلسلہ شروع کر دیا گیا تھا، ایم کیو ایم کی عوامی مقبولیت کو ختم کرنے کیلئے بے گناہ شہریوں کا قتل عام کیا گیا اور ایم کیو ایم کا میڈیا ٹرائل کر کے ملک بھر کے عوام کو ایم کیو ایم سے بدظن کرنے کی سازش کی گئی لیکن ایم کیو ایم کے پرعزم کارکنان نے ہر سازش کا ڈٹ کر مقابلہ کیا۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ سندھ بالخصوص کراچی کے باشعور عوام 12 مئی کے سانحہ کے پس پردہ سازش سے اچھی طرح واقف ہو چکے ہیں اور وہ جانتے ہیں کہ فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے محافظ ملک بھر میں ایم کیو ایم کی بڑھتی ہوئی عوامی مقبولیت سے خوف زدہ ہیں اور ایم کیو ایم سے عوام کو بدظن کرنے کیلئے نت نئی سازشوں میں مصروف ہیں۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ تمام تر سازشوں کے باوجود کارکنان مایوس نہیں ہوئے، آج بھی ایم کیو ایم کے کارکنان کے حوصلے بلند ہیں اور ظلم وستم کا کوئی ہتھکنڈہ ہمیں حق پرستی کی جدوجہد سے باز نہیں رکھ سکتا۔ جناب الطاف حسین نے ایم کیو ایم کے تمام ذمہ داران کو ہدایت کی کہ وہ سینہ بہ سینہ تحریک کا پیغام کا پیغام پھیلائیں، گھر گھر جا کر عوام کو 12 مئی کے سانحہ کی سازش کے حقائق سے آگاہ کریں اور انہیں ایم کیو ایم میڈیا سیل کی مرتب کردہ وڈیو فلم ''کڑوا سچ'' دکھائیں تاکہ انہیں اصل حقائق سے آگاہی حاصل ہو سکے۔ اس موقع پر ایم کیو ایم کے ذمہ داران نے جناب الطاف حسین کو بتایا کہ سندھ میں تمام قومیتوں سے تعلق رکھنے والے کارکنان پرعزم اور حوصلہ مند ہیں اور انشاءاللہ وہ ایم کیو ایم کے خلاف ہر سازش کا ڈٹ کر مقابلہ کریں گے۔

## حق پرست عوام وقار شہید کے والد محمد صدیق کی صحت یابی کیلئے دعا کریں، الطاف حسین

لندن۔۔۔24مئی 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیو ایم ڈیفنس کلفٹن سیکٹر کے شہید کارکن محمد وقار کے والد محمد صدیق کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے ان کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے دعا کی ہے۔ ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے حق پرست ماؤں، بہنوں، بزرگوں اور نوجوانوں سے اپیل کی کہ وہ وقار شہید کے والد کی صحت یابی کیلئے اللہ تعالی کے حضور خصوصی دعا کریں۔ واضح رہے کہ محمد صدیق شدید علیل ہیں اور مقامی اسپتال میں زیر علاج ہیں جہاں ان کی حالت تشویشناک بتائی جاتی ہے۔

## ایم کیوایم، ولی خان اور الطاف حسین کے درمیان معاہدے کی پاسداری کیلئے بڑی سے بڑی قربانی دینے کو تیار ہے، ڈاکٹر عمران فاروق

لندن۔۔۔24مئی2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے کنوینرڈاکٹرعمران فاروق نے کہا ہے کہ ایم کیوایم، پختونوں اور مہاجروں کے درمیان اتحاد، محبت اور بھائی چارے کی فضا کا فروغ چاہتی ہے اور خان ولی خان اور جناب الطاف حسین کے درمیان طے شدہ معاہدہ پر قائم رہے گی۔ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ کراچی میں پختون مہاجر فسادات کی سازش کو ناکام بنانے کیلئے عوامی نیشنل پارٹی کے سربراہ خان ولی خان مرحوم اور قائدتحریک جناب الطاف حسین کے درمیان جو معاہدہ ہوا تھا ایم کیوایم ہر قیمت پر اس معاہدہ پر سختی سے قائم رہے گی اور اس معاہدے کی پاسداری کیلئے بڑی سے بڑی قربانی دینے کو تیار ہے۔

## ایم کیوایم نوشہروفیروز کے کارکنان کی شہادت پر الطاف حسین کا اظہار تعزیت

لندن۔۔۔24مئی2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے فائرنگ کے واقعہ میں ایم کیوایم نوشہروفیروز زون بہلانی یونٹ کے کارکنان چراغ دین ولد غلام محمد اور محمد بشیر کی شہادت پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے شہداء کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ دکھ اورغم کی اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہداء کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔جناب الطاف حسین نے فائرنگ کے واقعہ میں زخمی ہونے والے ایم کیوایم کے ہمدرد محمد منیر کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے بھی دعا کی۔

## ڈاکٹر فاروق ستار اور شعیب بخاری نے 12 مئی، کو فائرنگ کے واقعات میں ایم کیوایم کے شہید کارکنان کے لواحقین سے تعزیت اور اے این پی کے زخمی کارکن کی عیادت کی

کراچی۔۔۔24مئی2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار نے 12 مئی کے دن اپوزیشن جماعتوں کے دہشت گردوں کی فائرنگ کے واقعات میں شہید ہونے والے لانڈھی کے علاقے مظفرآباد کالونی کے رہائشی ایم کیوایم کے پختون کارکنان کی رہائشگاہوں کا تعزیتی دورہ کیا اور عوامی نیشنل پارٹی لانڈھی مظفرآباد کالونی کے زخمی ہونے والے کارکن اقبال حسین کی رہائشگاہ جا کر ان کی عیادت کی۔تفصیلات کے مطابق ڈاکٹر فاروق ستار نے 12 مئی کو فائرنگ کے واقعات میں شہید ہونے والے ایم کیوایم مظفرآباد کالونی لانڈھی کے پختون کارکنان سیدا خان شہید اور عمر رحمان شہید کی رہائشگاہوں پر جا کر سوگواران سے دلی تعزیت کی اور قائدتحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے دلی تعزیت کا اظہار کیا۔انہوں نے شہداء کے سوگواران سے کہا کہ غم اور دکھ کی اس گھڑی میں ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔اس موقع پر انہوں نے شہداء کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی بھی کی۔بعدازاں ڈاکٹر فاروق ستار نے لانڈھی کے علاقے مظفرآباد کالونی جا کر عوامی نیشنل پارٹی کے زخمی کارکن اقبال حسین کی عیادت کی اور ان کی خیریت دریافت کی اور ان کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن شعیب احمد بخاری نے ایم کیوایم شاہ فیصل کالونی کے کارکن رضوان شمیم شہید کی رہائشگاہ جا کر سوگواران سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کیا۔وہ کچھ دیر سوگوار لواحقین کے ساتھ رہے اور انہوں نے شہید کی روح کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی بھی کی۔اس موقع پر صوبائی مشیر صلاح الدین حیدر، رکن قومی اسمبلی اقبال محمد علی، ارکان سندھ اسمبلی نشاط ضیاء، عباس جعفری، ایم کیوایم پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے انچارج سردار احمد اور اراکین بھی ان کے ہمراہ تھے۔

## ایم کیوایم چیف جسٹس افتخار احمد چوہدری کے خلاف نہیں ہے، ڈاکٹر فاروق ستار

## اسلام آباد میں پریس کانفرنس سے خطاب

اسلام آباد (اسٹاف رپورٹر) 24 مئی 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن وقومی اسمبلی میں ایم کیوایم کے پارلیمانی لیڈر فاروق ستار نے حیدر عباس رضوی کے ہمراہ پرہجوم پریس کانفرنس میں 12 مئی کے حوالے سے ایم کیوایم کے میڈیا سیل کی تیار کردہ فلم دکھانے کے بعد صحافیوں کے مختلف سوالوں کے جواب دیتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم چیف جسٹس افتخار احمد چوہدری کے خلاف نہیں ہے نہ ہی 12 مئی کو ایم کیوایم کی ریلی چیف جسٹس کیخلاف تھی۔ انہوں نے کہا کہ ہم اس واقعہ کی آزادانہ، غیر جانبدارانہ تحقیقات کرانے کیلئے پرزور مطالبہ کرتے ہیں۔ انہوں نے عمران خان کے حوالے سے ایک سوال کے جواب میں کہا کہ عمران خان اگر برطانیہ میں الطاف حسین کیخلاف مقدمہ دائر کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں تو انہیں خوش آمدید کہیں گے اور انہیں لندن آنے جانے کا ٹکٹ بھی دیں گے۔ انہوں نے کہا کہ 12 مئی کا سانحہ ایک سازش کا نتیجہ ہے جس کا ایک رخ قوم کو دکھایا گیا ہے، تصویر کا دوسرا رخ دکھانے کیلئے ہم نے 12 مئی کے واقعات کی ایک فلم تیار کی ہے جس کا نام ''کڑوا سچ'' رکھا گیا ہے۔ فلم میں کراچی کے علاقے گرومندر میں ایم کیوایم کی ریلی پر فائرنگ دکھائی گئی ہے اور پیپلز پارٹی کی رکن قومی اسمبلی شیریں رحمان کی گاڑی سے ایم کیوایم کے کارکنوں پر براہ راست فائرنگ کرتے ہوئے دکھایا گیا ہے۔ ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ 12 مئی کو ایک تیر سے کئی شکار کرنے کی کوشش کی گئی اور ایم کیوایم کی اڑان کو روک کر اسے پورے پاکستان میں پھیلنے سے روکنے کی کوشش کی گئی ہے۔ ایم کیوایم مفاد پرست ٹولے اور ملک وقوم کو لوٹنے والوں کیلئے خطرے کی گھنٹی تھی، ایم کیوایم کو سندھ کے شہری اور دیہاتی علاقوں تک محدود کرنے کی کوشش کی گئی جبکہ کراچی میں سرمایہ کاری کا بڑھتا ہوا رجحان اور امن وامان کی صورتحال بھی ملک دشمن عناصر کی آنکھوں میں کھٹک رہی تھی یہ سازش بہت بڑے پیمانے پر ہوئی ہے، شروع میں ہمارے مخالفین ہمیں دھچکا لگانے میں کامیاب رہے مگر جیسے جیسے حالات واضح ہورہے ہیں قوم کو سمجھ آرہا ہے اور اب قوم اس قسم کی سازشوں کا شکار نہیں ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ 12 مئی کی سازش کے تانے بانے، محرکات اور آئندہ کے لائحہ عمل کے بارے میں صلاح مشورے جاری ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کراچی کے حالات کو مدنظر رکھ کر نرم رویے میں بات چیت کرنے کو ہماری کمزوری نہ سمجھا جائے۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں قائد تحریک الطاف حسین نے ہمیشہ برداشت اور تحمل کی پالیسی پر عمل پیرا ہونے کی تائید کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ 13 اور 14 مئی کو ہمارے دفاتروں پر حملے کیے گئے، تقریباً 35 دفاتروں کو نذر آتش کیا گیا اس کے ردعمل میں پیپلز پارٹی، اے این پی اور جماعت اسلامی کا ایک دفتر کو بھی نقصان نہیں پہنچا، ہم نے اشتعال انگیزی سے بچنے کی کوشش میں اپنے دفاتر خود بند کرادیے۔ گورنر سندھ عشرت العباد نے 12 مئی کو ہی اسفندیار ولی سے رابطہ کرلیا تھا کل گورنر سندھ عشرت العباد نے اے این پی، جماعت اسلامی کے رہنماؤں سے ملاقات کی، میں نے بھی اس سلسلے میں کہا تھا کہ اسفندیار ولی کے ساتھ ان کے کارکنوں کی تعزیت کرنے جانا چاہتا ہوں انہیں بھی چاہئے کہ وہ ہمارے ساتھ ہمارے کارکنوں کے لواحقین سے تعزیت کرنے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ ایسے واقعات پر سیاست نہیں کرنی چاہئے۔ انہوں نے کہا کہ 12 مئی کو چینلز اور اخبارات نے کسی ایک جگہ پر ہمارے کسی کارکن کی شناخت سمیت کوئی فوٹو یا فوٹیج نہیں دکھائی۔ انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ وہ واحد جماعت ہے جس نے اپنے 14 شہیدوں کی فہرست جاری کی جس میں ان کی تفصیل اور انکے نام پتے شامل ہیں تاکہ ان سے رابطہ کیا جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کے کارکنوں کے جنازوں میں ہمارے وزراء، حق پرست نمائندوں اور رابطہ کمیٹی کے اراکین نے شرکت کی۔ انہوں نے کہا کہ 12 مئی کے سانحہ پر ایم کیوایم کے علاوہ کسی بھی جماعت غیر جانداررانہ اور آزادانہ تحقیقات کی بات نہیں کی۔ انہوں نے کہا کہ چیف جسٹس 100 مرتبہ کراچی تشریف لائیں۔ انہوں نے کہا کہ وکلاء یا چیف جسٹس کی تحریک کیخلاف ہماری کوئی شکایت نہیں ہیں۔ ڈاکٹر فاروق ستار نے ایک سوال کے جواب میں کہا کہ 12 مئی کو کراچی میں پولیس یا رینجرز کی غیر موجودگی کے سوال کا جواب ابھی تک ہمیں بھی نہیں مل سکا ہم نے یہ سوال صدر جنرل پرویز مشرف سے بھی پوچھا۔ انہوں نے کہا کہ ہماری حلیف جماعتوں نے جس طرح ہمارا مقدمہ لڑا ہم ان کے شکر گزار ہیں، مگر یہ ناکافی ہے۔ انہوں نے تین آپشن کے حوالے سے کہا کہ جنرل ورکرز اجلاس ایک ہفتے کے اندر بلا کر کارکنوں سے ان کی رائے لے کر فیصلہ کیا جائیگا، حیدر عباس رضوی نے ایک سوال کے جواب میں کہا کہ 12 مئی کے حوالے سے سندھ حکومت نے تقریباً 170 لوگوں کو گرفتار کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم واقعے کی آزادانہ تحقیقات چاہتے ہیں، انہوں نے کہا کہ 12 مئی کو جو روڈ بلاک کیے گئے وہ انتظامیہ نے کیے تھے۔ انہوں نے کہا کہ چیف جسٹس کا 12 مئی کو کراچی میں بار سے خطاب کی تاریخ چوتھی بار تبدیل کی گئی، تیسری دفعہ ان کے خطاب کی میزبانی کراچی کی سٹی گورنمنٹ نے دی تھی سٹی گورنمنٹ نے تمام انتظامات مکمل کرچکی تھی لیکن پروگرام کو ملتوی کردیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ شیری رحمان کی گاڑی سے براہ راست ہمارے کارکنوں پر فائرنگ کی گئی، پریس کانفرنس کے بعد صحافیوں میں فلم ''کڑوا سچ'' کی سی ڈیز بھی تقسیم کی گئیں۔

## جماعت اسلامی سیاسی طور پر تنہا ہو چکی ہے، ارکان قومی اسمبلی
## قاضی حسین احمد سندھ اور کراچی کے عوام کا پیچھا چھوڑیں اور صوبہ سرحد کی فکر کریں

کراچی۔۔۔24 مئی 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے جماعت اسلامی کے رہنماء قاضی حسین احمد کے بیانات پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ 12 مئی کے سانحہ کے 12، دن بعد قاضی حسین احمد کراچی صرف فساد پھیلانے کی نیت سے تشریف لائے ہیں تاکہ شہر اور صوبہ میں امن وامان کی بہتر ہوتی ہوئی فضا کو خراب کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ قاضی حسین احمد سندھ اور کراچی کے عوام کا پیچھا چھوڑیں اور صوبہ سرحد کی فکر کریں جہاں ان کی حکومت میں روز بم دھماکے، خود کش حملے، راکٹ لانچروں کے حملے اور جدید ہتھیاروں سے دہشت گردی کے واقعات ہو رہے ہیں جن میں ہزاروں بے گناہ پختون شہید ہو چکے ہیں لیکن صوبہ سرحد کی صوبائی حکومت آج تک کسی ایک بھی مجرم کو گرفتار نہیں کر سکی کیونکہ دہشت گردوں کے سرپرست خود متحدہ مجلس عمل کے اندر موجود ہیں جن میں قاضی حسین احمد خود شامل ہیں جو خود کش حملوں اور دہشت گردی کی حمایت میں کھلے بیانات جاری کر چکے ہیں۔ حق پرست ارکان صوبائی اسمبلی نے کہا کہ قاضی حسین احمد کی انہی حرکتوں کی وجہ سے جماعت اسلامی سیاسی طور پر تنہا ہو چکی ہے اور پیپلز پارٹی تک ان کو منہ لگانے کو تیار نہیں ہے۔

## آزاد کشمیر میں ایم کیو ایم کو بدنام کرنے کی منظّم سازش کی گئی، طاہر کھوکھر
## آزاد کشمیر میں 12 مئی کے اصل واقعات سے عوام کو آگاہ کرنے کیلئے عوامی رابطہ مہم شروع کر دی ہے
## میر پور میں کشمیر پریس کلب میں پریس کانفرنس سے خطاب

میر پور۔۔۔24 مئی 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ آزاد کشمیر کے چیف آرگنائزر و پارلیمانی لیڈر محمد طاہر کھوکھر نے کہا ہے کہ 12 مئی کے بعد آزاد کشمیر میں ایم کیو ایم کو بدنام کرنے کی منظّم سازش کی گئی تاکہ کشمیر کے غریب عوام کو ایم کیو ایم سے بدظن کیا جا سکے۔ یہ بات انہوں نے کشمیر پریس کلب میر پور میں ایک پرہجوم پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ اس موقع پر سابق امیدواران اسمبلی عبدالمجید جنجوعہ، محمد عمران شیخ کے علاوہ دیگر بھی موجود تھے۔ طاہر کھوکھر نے کہا کہ ایم کیو ایم پاکستان و آزاد کشمیر کے عوام کے دلوں پر حکمرانی کرتی ہے اور ہم جاگیردارانہ سیاست کے بت توڑنے، حقیقی جمہوریت کی بحالی اور 98 فیصد عوام کو ان کے حقوق دلانے کی جدوجہد جاری رکھیں گے۔ انہوں نے کہا کہ 12 مئی کو کراچی میں کئی بے گناہ افراد کو شہید کرنے والوں کے خلاف سخت ترین کارروائی عمل میں لائی جائے جبکہ اس سلسلے میں 109 افراد گرفتار ہو چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ سندھ ارباب رحیم کو اس حوالہ سے اپنا کردار ادا کرنا ہوگا ہم مخالفین کی جانب سے لاشوں پر سیاست کرنے کی سخت مذمت کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان و آزاد کشمیر میں ایم کیو ایم کے خلاف ایک منظّم سازش کے تحت منفی پروپیگنڈہ کیا جاری ہے، ایم کیو ایم کی ساکھ کو نقصان پہنچانے کی سازش کی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ آزاد کشمیر میں ایم کیو ایم کے پارلیمانی لیڈر کی حیثیت سے بتانا چاہتا ہوں کہ ایم کیو ایم جاگیرداروں، وڈیروں، ملک دشمن عناصر کی سازشوں کو بے نقاب کرتے ہوئے اصل سازش کو عوام کے سامنے لا کر رہے گی۔ انہوں نے کہا کہ کراچی میں جو کچھ ہوا اس پر ہم دکھ کا اظہار کرتے ہیں، ایم کیو ایم کے خلاف سازشیں ختم ہو کر رہیں گی اور کوئی بھی شخص متحدہ قومی موومنٹ کے خلاف منفی وزیریلا پروپیگنڈہ مزید جاری رکھنے میں کامیاب نہیں ہو سکتا۔ انہوں نے کہا کہ آزاد کشمیر میں پاکستان پیپلز پارٹی اور جماعت اسلامی آزاد کشمیر نے ایک طے شدہ منصوبہ کے تحت ہمارے خلاف میڈیا ٹرائل کیا لیکن کراچی کے حالات ریکارڈ پر ہیں وہاں جماعت اسلامی کے 400 کونسلر اور ایم کیو ایم کے 1600 کونسلر ہیں لیکن انہوں نے ایک طے شدہ سازش کے تحت اے این پی اور پیپلز پارٹی والوں کو ساتھ رکھ کر کراچی کے حالات خراب کئے اور الزام ایم کیو ایم پر تھوپ دیا۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم کے منفی پروپیگنڈہ سے عوام کو آگاہ کرنے کیلئے آزاد کشمیر میں بھرپور عوامی رابطہ مہم شروع کی جا رہی ہے اور ہم تمام اضلاع میں عوام کو جا کر اصل حقائق سے آگاہ کریں گے۔

## جماعت اسلامی کے فسادی عناصر قاضی حسین احمد کے اشاروں پر
## پروفیسر غفور احمد کے خلاف خبریں جاری کر رہے ہیں، سیکٹر انچارجز

کراچی۔۔۔24، مئی 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے سیکٹر انچارجز نے اپنے ایک مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ جماعت اسلامی کے فسادی عناصر قاضی حسین احمد کے اشاروں پر پروفیسر غفور احمد کے خلاف خبریں جاری کر رہے ہیں اوران کے خلاف مہم چلا رہے ہیں خاص طور پر پروفیسر غفور احمد سے گورنر سندھ کی ملاقات کے بعد قاضی حسین احمد اور جماعت اسلامی کے فسادی عناصر نہایت مشتعل ہیں اور پروفیسر غفور احمد کے خلاف مہم چلا رہے ہیں۔ سیکٹر انچارجز نے کہا کہ قاضی حسین احمد اور جماعت اسلامی کے فسادی عناصر یاد رکھیں کہ سندھ خصوصاً کراچی کے باشعور عوام ان کی سازشوں کو اپنے شعور اور اتحاد سے ہمیشہ اسی طرح ناکام بناتے رہیں گے۔

## ٹنڈو غلام علی سے مستعفی ہونے والے افراد کا متحدہ سے کوئی تعلق نہیں ہے، شعبہ اطلاعات

کراچی۔۔۔24، مئی 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ شعبہ اطلاعات کے ترجمان نے بعض اخبارات میں شائع ہونے والی اس خبر کی سختی سے تردید کی ہے جس میں کہا گیا ہے کہ ضلع بدین ٹنڈو غلام علی کے چار کارکنان ایم کیو ایم سے مستعفی ہوگئے۔ ترجمان نے کہا کہ سید علی حسن شاہ ٹنڈو غلام علی یونٹ کمیٹی کے رکن تھے جو کہ 8، ماہ قبل تنظیم سے مستعفی ہو چکے ہیں جبکہ ندیم کھٹی، ابراہیم کھٹی اور حمید لوہار نامی افراد کا متحدہ قومی موومنٹ سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ شعبہ اطلاعات کے ترجمان نے کہا کہ مذکورہ خبر بے بنیاد اور ایم کیو ایم کے خلاف جاری منفی پروپیگنڈہ مہم کا حصہ ہے۔

## طاہر کھوکھر نے ایم کیو ایم آزاد کشمیر کے کارکن راجہ محمد الطاف شہید کے گھر جا کر سوگوار والدین سے ملاقات کی
## الطاف حسین کی جانب سے تعزیت کی اور ایک لاکھ روپے کا عطیہ پیش کیا

مظفر آباد۔۔۔24، مئی 2007ء

آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی کے حق پرست رکن طاہر کھوکھر نے سانحہ 12 مئی 2007ء میں مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے شہید ہونے والے ایم کیو ایم آزاد کشمیر کے کارکن راجہ محمد الطاف ولد نور اللہ خان کے گھر جا کر ان کے سوگوار لواحقین سے ملاقات کی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے راجہ محمد کی شہادت پر دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کیا۔ اس موقع پر طاہر کھوکھر نے راجہ محمد الطاف شہید کے والدین کو جناب الطاف حسین کی جانب ایک لاکھ روپے کا عطیہ پیش کیا۔ اس موقع پر راجہ محمد الطاف کے والدین نے جناب الطاف حسین کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ ہمیں مختلف پروپیگنڈوں کے ذریعے ایم کیو ایم کے خلاف ورغلانے کی کوشش کی گئی تھی مگر جناب الطاف حسین نے دکھ کی اس گھڑی میں نہ صرف ہمیں یاد رکھا بلکہ ہماری مالی امداد بھی کی جس پر ہم ان کے شکر گزار ہیں اور ہم آخری سانس تک الطاف حسین کے ساتھ اس حق پرستی کی جدوجہد میں شامل رہیں گے۔ اس موقع پر ایم کیو ایم آزاد کشمیر کے ذمہ داران وکارکنان بھی موجود تھے۔

☆☆☆☆☆